**Text of Morning Urdu News Bulletin**

**Time : 09:20/09:25 AM**

**Date : 06-07-2026**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں طارق احمد

پی ایم دورہ

وزیراعظم نریندر مودی آج سے انڈونیشیا، آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کے 6روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہورہے ہیں۔

وہ انڈونیشیا کے صدر کے علاوہ آسٹریلیا اور نیوزیلینڈ کے وزرائے اعظم کے ساتھ باہمی مفادات اور دلچسپی کے مختلف معاملات پر تبادلہ

---

سے بھی خطاب کریں گے۔Diaspora ۂ خیال کریں گے۔ وہ جکارتا میں انڈین

یاترا

شری امرناتھ جی یاترا پہلگام اور سونہ مرگ دونوں راستوں سے احسن طریقے پر جاری ہے۔ یاترا کے تیسرے دن کل ریکارڈ تعداد میں 24ہزار سے زیادہ یاتریوں نے گپھا پر حاضری دیکر شیولنگم کے درشن کئے۔

دریں اثناءآج آٹھ بجے تک 3ہزار 437 شردھالوو

---

ں نے گپھا پر حاضری دیکر شیولنگم کے درشن کئے۔ۂ

یہ اس برس کے دوران اب تک ایک دن میں درشن کرنے والے یاتریوں کی سب سے بڑی تعداد ہے۔اس طرح تین دن کے دوران درشن کرنے والے یاتریوں کی مجموعی تعداد 57ہزار سے تجاوز کرگئی ہے۔

## ایل جی یاترا

اس دوران لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل نُن وَن اور چندن واڑی کا دورہ کرکے یاترا کیلئے کئے گئے انتظامات کا زمینی سطح پر جائزہ لیا۔

انہوں نے کئی یاتریوں سے بات کرکے اُن کے تجربات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے ایل جی نے کہا۔

## فوڈ سیفٹی

جموں وکشمیر کے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن شعبے کے کمشنر کی ہدایت پر فوڈ سیفٹی کی ایک ٹیم نے پہلگام اور نُن وَن کا دورہ کرکے وہاں یاتریوں کیلئے لگائے گئے لنگروں میں کھانے پینے کی اشیاءکے معیارکا جائزہ لیا۔

ٹیم کے ممبران نے کھانے پکانے کے دوران پاکیزگی کو یقینی بنانے کیلئے کھانا تیار کرنے والے افراد میں کئی اشیا ءتقسیم کیں

## ڈی سی بانڈی پورہ

اُدھر بانڈی پورہ کی ڈپٹی کمشنر اندو کنول چب نے کل ضلع کے شادی پورہ علاقے میں یاتریوں کیلئے مخصوص ٹرانزٹ کیمپ کا دورہ کرکے وہاں دستیاب سہولیات کاجائزہ لیا۔

یاتریوں کو مہیا رکھی جانے والی خدمات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے موصوفہ نے یاترا کے احسن انعقاد کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔

## یاترا قافلہ

اس دوران یاتریوں کا ایک اور قافلہ آج جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے وادی کیلئے روانہ ہوا۔ یہ یاتری بھی پہلگام اور سونہ مرگ کے راستوں سے گپھا تک پہنچ کر بابابرفانی کے درشن کریں گے۔

یاتریوں نے انتظامیہ اور مقامی لوگوں کی جانب سے اُن کیلئے کئے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

تعطیلات

وادی کے اول سے بارہویں جماعت تک کے سبھی سرکاری اور سرکار سے تسلیم شدہ پرائیویٹ اسکول آج سے 14دن کی گرمائی چھٹیوں کیلئے بند رہیں گے۔

اس سلسلے میں محکمہ تعلیم کی جانب سے پہلے ہی ایک حکمنامہ جاری کیا گیا ہے۔ حکمنامے کے مطابق مذکورہ اسکول 20جولائی کو دوبارہ کھلیں گے۔

ستیش شرما

خوراک و امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے جموں صوبے کے کٹھوعہ ضلع میں24ویں سالانہ وشال بنڈھارے کا افتتاح کیا، جس کا اہتمام موگاپنجاب کے باشندوں نے کیا ہے۔

اس بنڈھارے میں جموں وکشمیر کے مختلف علاقوں اور دیگر ریاستوں سے تعلق رکھنے والے کئی شردھالو شرکت کررہے ہیں۔ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ستیش شرما نے کہا کہ سیوا کا جزبہ بھارت کے سماج کا ایک اہم حصہ ہے۔

نتن نبین

بھارتیہ جنتا پارٹی کے قومی صدر نتن نبین آج سے جموں کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔ پارٹی کی جانب سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ نتن نبین تنظیمی سرگرمیوں کا جائزہ لینے کے علاوہ دیگر کئی پروگراموں میں بھی شرکت کریں گے۔

امت شاہ

آج کوآپریشن کی مرکزی وزارت کا پانچواں یوم تاسیس منایا جارہاہے۔ اس سلسلے میں کوآپریشن کے مرکزی وزیر امت شاہ کی صدارت میں نئی دلی میں''سہکار سے سمردھی'' کے موضوع پر ایک تقریب منعقد ہورہی ہے۔

تقریب کے دوران مرکزی وزیر کئی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھنے کے علاوہ دیگر کئی پروجیکٹوں کو عوام کے نام وقف کریں گے۔

شہرشہر منظراطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

## درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 22 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیاگیاہے۔